**تحفۃ الواعظین** مصنف ۔ علامہ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن الجوزیؒ ۔ مترجم: مولانا محمد ظہیر الدین
ناشر: قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ کراچی ۱ ۔ صفحات: ۳۲۴ ۔ قیمت: ۳۳/ روپے

اس کتاب کے مصنف علامہ ابن الجوزیؒ (متوفی ۵۹۷ھ) ہیں جو اپنے علم و فضل، تفقہ فی الدین، زہد و ورع اور وسعتِ قلب و نگاہ کے اعتبار سے ائمہ سلف میں ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں ۔ قرآن و حدیث اور فقہ کے متعلق علوم و فنون اور اسلامی زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں آپ کی تصانیف کی تعداد ڈھائی سو سے بھی متجاوز ہے ۔ اور یہ ساری کتابیں اپنی جامعیت اور ثقاہت کے اعتبار سے اہلِ علم کے نزدیک مراجع کی حیثیت رکھتی ہیں ۔

اصل عربی کتاب کا نام کتاب القصاص والمذکرین ہے ۔ اور مصنف کی دیگر تصانیف کی طرح اپنے اندر جامعیت اور ثقاہت کے تمام پہلوؤں کو سموئے ہوئے ہے ۔ کتاب کے بارہ ابواب ہیں ۔ جن میں وعظ کی اہمیت، مختصر تاریخ، ضروری شرائط و آداب اور تاریخِ اسلام کے ممتاز واعظین اور خطبات کے تذکرے کے ساتھ ساتھ ان امور کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے جن سے واعظ حضرات کو اجتناب کرنا چاہیے اور ساتھ ہی ان نام نہاد واعظین کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے جن کا وعظ دعوت و تزکیہ کے بجائے فساد اور بگاڑ کا باعث ثابت ہوتا ہے ۔

جہاں تک کتاب کے ترجمے کا تعلق ہے، اس میں سلاست اور روانی کے باوجود بعض مقامات پر ترجمے کا قدیم رنگ بھی جھلکتا دکھائی دیتا ہے ۔

بحیثیت مجموعی یہ کتاب وعظ گوئی سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے مفید بھی ہے اور دلچسپ بھی ۔ (ا ۔ د ۔ ترابی)

---

**اِسلام اور کمیونزم** مصنف: صابر نظامی ۔ ناشر: ادارہ تفہیم الاسلام، قذافی مارکیٹ اُردو بازار، لاہور ۔ صفحات: ۲۰۰ قیمت: ۲۵/ روپے

زیرِ نظر کتاب تصنیف سے زیادہ تالیف ہے کیونکہ اس میں دوسرے اہلِ قلم حضرات

کی تحریروں کے بہت سے اقتباسات شاملِ کتاب کئے گئے ہیں۔ ان میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، پروفیسر خورشید احمد، غلام احمد پرویز وغیرہم کی بعض کتابوں سے فوٹوسٹیٹ لے کر صفحوں کے صفحے لیے گئے ہیں۔ مگر اس تنوع میں ربط و ترتیب کا پہلو خاصا کمزور ہو گیا ہے۔ کتاب میں اسلام اور اشتراکیت کا تقابل کیا گیا ہے۔ مگر زیادہ تر معاشی پہلوؤں پر بحثیں ہیں۔ مگر بین السطور مصنف کا ذہنی جھکاؤ اشتراکیت کی طرف ہوتا محسوس ہوتا ہے۔

بہر حال ۲۵ سے زائد کتابوں کے مصنّف صابر نظامی داد بلکہ مبارک باد کے مستحق ہیں کہ تن تنہا اتنا کام کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ (م۔ د)

---

**ماہنامہ تعلیمات** | مدیر مسئول: مہر محمد سعید اختر۔ معاونین: سید دلاور علی و چودھری علی احمد؛ ناشر: انجمن فاضلین، ادارہ تعلیم و تحقیق جامعہ پنجاب۔

ہم بڑی مسرت سے یہ اعتراف کرتے ہیں کہ یہ خاص نمبر جسے "اقبال اور تعلیم" کا نام دیا گیا ہے، فاضل مرتبین نے بہت محنت اور بہت قابلیت سے مرتب کیا ہے۔ ظاہری حسن، مضامین کا انتخاب اور حسنِ ترتیب، ہر چیز قابلِ ستائش ہے۔ بالخصوص باب تعلیم و تعلّم میں حضرت علامہ کی تحریروں اور تقریروں کے اقتباسات دیئے گئے ہیں خاصے کی چیز ہیں۔ ان سے یہ بات پایۂ تکمیل کو پہنچتی ہے کہ فکرِ اقبال کا قصرِ عظیم حبِّ اسلام اور حبِّ مسلمین کی بنیادوں ہی پر تعمیر ہوا ہے۔ جو حضرات اس حقیقت کو جھٹلاتے ہیں یا تو خود دھوکے میں ہیں یا دوسروں کو دھوکہ دے رہے ہیں۔

اس نمبر کے حوالے سے یہ گذارش غالباً ناموزوں نہ ہو کہ اب اقبال شناسی کا دور ختم کر کے اقبال کے فکر کو عمل کی صورت دینے کے دور کا آغاز ہونا چاہیے۔ بالخصوص تعلیم کے میدان میں تو ان کے نظریات کو مشعل راہ بنانے کی بہت ضرورت ہے۔

---

© rasailojaraid.com